سیرت النبی ﷺ کا انسائیکلو پیڈیا / ام عبد منیب / دار الکتب السلفیہ، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۶۸۸ص

سیرت النبی ﷺ کے انمول واقعات / مولانا محمد ارسلان / مکتبہ ارسلان، اردو بازار، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۴۰۴ص

سیرت النبی ﷺ / انجینئر راشد فاروقی / دار الاشاعت، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۳۵۸ص

سیرت مصطفیٰ ﷺ / مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ / ادارہ اسلامیات، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲ جلد، ۱۲۱۶ص

شرح حدیث ہرقل، سیرت نبوی کے آئینے میں / حافظ محمد گوندلوی و مولانا عبد اللہ ناصر رحمانی / ام القریٰ پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۳۰۹ص

طب نبوی اور جدید سائنس / اقبال احمد مدنی / شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۴۱۶ص

طب نبوی / صفدر شاہین / شمع بک ایجنسی، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۱۲۸ص

عشق نبوی کے حسین مناظر / محمد عبد اللہ مدنی / مشتاق بک کارنر، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲۷۹ص

علاج نبوی اور جدید سائنس / ڈاکٹر سلطان سرمد / کامیاب بک ڈپو، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۱۹۲ص

فضائل مصطفیٰ ﷺ / محمد اسلم ربانی / مکتبہ ثنائیہ سرگودھا، ۲۰۰۹ء/ ۴۸ص

فلسفہ اسمائے رسول ﷺ / ڈاکٹر محمد طاہر مصطفےٰ / الفیصل، لاہور ۲۰۰۸ء/ ۸۱ص

گلدستہ مغفرت (گناہ معاف کروانے کے نبوی نسخے) /۔۔۔/ عائشہ باوانی ٹرسٹ نزد بولٹن مارکیٹ، کراچی، ۱۴۲۹ھ/ ۲۳۷ص

محمد ﷺ / کیرن آرم اسٹرانگ / مترجم: نعیم اللہ ملک / ابوذر پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۳۷۰ص

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام / مولانا احمد رضا خانؒ / مشتاق بک کارنر، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ج۱، ۱۵۲ص۔ ج۲، ۱۵۲ص

معجزات الرسول ﷺ / مولانا محمد عبد الرشید / کتب خانہ شان اسلام، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۶۵۰ص

معجزات النبی ﷺ / ابن کثیرؒ / مترجم: شاہ محمد چشتی / ادارہ پیغام القرآن، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۴۰۸ص

معجزات رسول ﷺ / محمد خالد / کامیاب بک ڈپو، اردو بازار کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۱۵۹ص

معجزات محمد ﷺ / (مختصر انسائیکلو پیڈیا) / منصور احمد بٹ / روبی پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۲۷۳ص

مکی عہد نبوی میں اسلامی احکام کا ارتقا / مولانا ڈاکٹر محمد یاسین مظہر صدیقی / کتاب سرائے، لاہور، ۲۰۰۸ء/ ۶۸ص

نبوی غذائیں اور جدید سائنس / ڈاکٹر سلطان سرمد / کامیاب بک ڈپو، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۱۹۲ص

نبوی لیل ونہار/مولانا سعید حسن خانؒ/الرحیم اکیڈمی، کراچی، ۱۴۲۹ھ/ ۴۳۶ص

نبی اکرم ﷺ کے (۱۰۰۰) معجزات/ ڈاکٹر محمد اختر نواز خان/فہم قرآن پبلی کیشنز، ہری پور، ۲۰۰۹ء/۵۶۲ص

نشانات ارض نبوی/ شاہ مصباح الدین شکیل/فضلی سنز، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۳۴۸ص

ورفعنا لک ذکرک/ قاری حامد محمود قادری/ ای۔۶۲، میز نائن فلور فیز۲، ڈیفنس ۷۵۵۰۰، کورنگی، ۲۰۰۹ء/۱۹۲ص

ہمارے پیارے محمد رسول اللہ کی جوانی/ترتیب وتدوین: ریاض آفندی/تقسیم کار: پیراڈائز بک، کراچی۔۲۰۰۹ء/۲۴ص

فضائل رحمت للعالمین/محمد اقبال کیلانی/ حدیث پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۹ء/۳۰۴ص

پیغمبر امن ﷺ (مجموعہ مقالات)/ دار السلام، لاہور، ۲۰۰۹ء/۴۶۳ص

تبرکات کا تصویری البم/محمد ارسلان/ مکتبہ ارسلان، کراچی، ۲۰۰۸ء/ ۴۹۶ص

رسول اللہ ﷺ کی دفاعی اور عسکری حکمت عملی/ ڈاکٹر حافظ محمد ثانی/ دارالاشاعت، کراچی، ۲۰۰۹ء/ ۵۵۰ص

سیرت سید المرسلین ﷺ/ ڈاکٹر رخسانہ جبین/ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور، ۲۰۰۹ء/۴۱۴ص

اسوۂ کامل/عبدالرؤف ظفر/نشریات، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۷۸۸ص

حضور ﷺ حرم میں/عبدالحمید ڈار/نشریات، لاہور، ۲۰۰۹ء/۸۰ص

ماہ عرب/ ڈاکٹر عبدالشکور ساجد/حق پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۳۲۰ص

جامع سیرت النبی ﷺ (سوالاً جواباً)/ زاہد حسین انجم، عدیل نیاز/ جہانگیر بک ڈپو، لاہور، ۲۰۰۹ء/ ۲۴۰ص

ایک دن رسول اللہ ﷺ کے گھر میں/عبدالمالک بن محمد/مترجم: مدثر بن یوسف/ الفلاح پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۹ء/۸۰ص

# ایوارڈ یافتہ کتب سیرت
## ایک نظر میں

حافظ محمد عارف گھانچی

۱۹۸۰ء میں وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان کے تحت سالانہ سیرت کانفرنس کے موقع پر کتب سیرت ونعت کو ایوارڈ دینے کا آغاز کیا گیا۔ موجودہ فہرست میں ان کتب کا احاطہ کیا گیا ہے جو اردو زبان میں سیرت پر ایوارڈ کی مستحق قرار دی گئیں۔ یہ اپنی نوعیت کی سب سے مکمل فہرست ہے، جس میں ان ایوارڈ یافتہ کتب کی دست یابی اور عدم دست یابی کے حوالے سے بھی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ ادارہ

## ۱۹۸۰ء

☆ جمال مصطفیٰ ﷺ (جلد دوم)

عبدالعزیز عرفی / گیلانی پبلشرز، نوشین سینٹر، اردو بازار، کراچی۔ ۴ جلدیں

اس کتاب میں قرآن کریم کی آیات سے استفادہ کرتے ہوئے سیرت النبی کا استنباط کیا گیا ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۸۲ء

☆ اسوہ حسنہ ﷺ (قرآن کی روشنی میں)

راجہ شریف قاضی۔ (۱) مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔ فیروز سنز، لاہور۔ ۵۲۸ص

کتاب میں سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں کو قرآن کریم کی روشنی میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب خال خال دست یاب ہے۔

☆ سیرت النبی ﷺ (جلد دوم)

غلام ربانی عزیز۔ مکتبہ نبویہ، لاہور۔ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔ ۲ جلدیں، ج ۱، ص ۴۱۶، ج ۲، ص ۳۷۶

اس کتاب میں آپ ﷺ کے سوانحی کوائف اور غزوات و سرایا پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ کی حکمت انقلاب

سید اسعد گیلانی۔ ادارہ ترجمان القرآن، لاہور: ۶۸۸ص

اس کتاب میں اسلام کی ترویج و اشاعت کے لئے حضور کریم ﷺ کے پیش کردہ انقلابی اصولوں کا ذکر ہے، ساتھ ہی انقلابی اسلامی ریاست کی تشکیل پر بھی بحث کی گئی ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

## ۱۹۸۳ء

☆ ہادی عالم ﷺ

مولانا محمد ولی رازی۔ مکتبۃ العلم، کراچی: ۴۱۶ص

اس کتاب کو اردو زبان کی پہلی غیر منقوط کتاب سیرت ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ غزوات رسول اللہ ﷺ

بریگیڈیئر گلزار احمد۔ اسلامک پبلی کیشنز، لاہور: ۳۸۲ص

اس کتاب میں غزوات و سرایا کے راستوں کے تعین، جغرافیائی مشکلات اور غزوات میں نبی کریم ﷺ کے تزویراتی (Strategic) اور تدبیراتی (Tactical) منصوبوں کے خدو خال نمایاں کئے گئے ہیں۔ کتاب خال خال دست یاب ہے۔

☆ پیغمبر انقلاب

مولانا وحید الدین خان۔ فضلی سنز، کراچی۔ دار التذکیر، لاہور: ۲۰۸ص

اس کتاب میں پیغمبر ﷺ کی سیرت طیبہ کے دعوتی و انقلابی پہلوؤں سے متعلق اختصار کے ساتھ کلام کیا گیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

## ۱۹۸۴ء

☆ رسولِ کائنات ﷺ

عبد الکریم ثمر۔ آئینہ ادب، لاہور: ۲۴۴ص

اس کتاب میں چھوٹے چھوٹے عنوانات کے تحت سیرت النبی کے پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی کوشش

کی گئی ہے۔کتاب نایاب ہے۔

☆ فصاحت نبوی ﷺ

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر۔اسلامک پبلی کیشنز، لاہور: ۲۷۶ص

فصاحت نبوی کے حوالے سے ایک جامع کاوش۔

☆ نبی کریم ﷺ کا ذکر مبارک بلوچستان میں

ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ، لاہور: ۴۳۲ص

کتاب میں سیرت کے حوالے سے صوبہ بلوچستان میں ہونے والے علمی و تحقیقی کام کا جائزہ لیا گیا ہے۔کتاب نایاب ہے۔

☆ نبی کریم ﷺ (جلد اول)

سلیم یزدانی۔مجلس شاہ فرید، تقسیم کار۔مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی: ۳۴۴ص

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سیرت کی مناسبت سے گزشتہ انبیاء علیہم السلام کے بعض اہم واقعات کا علم ہوتا ہے جو رسالت کی صفات کا خاصہ ہیں۔کتاب دست یاب ہے۔

☆ نقوشِ سیرت

پروفیسر علیم الدین۔انجمن حیات اسلام، لاہور: ۲۳۲ص

نبی کریم ﷺ کی سیرت پر مصنف کے وقتاً فوقتاً لکھے گئے متفرق مضامین کا مجموعہ ہے جن میں سرور کائنات ﷺ کی حیات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۸۵ء

☆ مدینۃ الرسول ﷺ

علامہ ابوالنصر منظور احمد شاہ۔مکتبہ اویسیہ، ساہیوال: ۲۸۶ص

کتاب میں مصنف نے مدینہ منورہ کے اسماء، فضائل، اس کی حدود، تاریخی مساجد، بعض تاریخی پہاڑوں، کنوؤں، وادیوں، غزوات اور قبائل انصار کے محل وقوع کا تذکرہ کیا ہے۔کتاب عام دست یاب ہے۔کتاب کا نیا کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔

## ۱۹۸۶ء

☆ سرور کونین ﷺ کی فصاحت و بلاغت

علامہ شمس بریلویؒ۔ مدینہ پبلشنگ کمپنی، ایم، اے جناح روڈ، کراچی: ۳۶۶ص

اس کتاب میں نبی کریم ﷺ کی فصاحت و بلاغت، مشہور عربی رسم الخط اور مختلف قبائل میں مستعمل زبانوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

## ۱۹۸۷ء

☆ ذکر رسول ﷺ (مثنوی مولانا روم میں)

ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی۔ ترقی اردو ادب، لاہور/ سنگ میل، لاہور (نظر ثانی واضافہ شدہ ایڈیشن): ۲۳۲ص

اس کتاب میں مثنوی مولانا رومؒ سے نبی کریم ﷺ کے حالات زندگی پر مشتمل مواد کو جمع کیا گیا ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

## ۱۹۸۸ء

☆ طب نبوی ﷺ (جلد اول)

ڈاکٹر خالد غزنوی۔ الفیصل، ناشران وتاجران کتب، لاہور: ۶ جلدیں

اس کتاب میں مصنف نے طب اسلامی اور میڈیکل سائنس کو یک جا کیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ خطبات رسول ﷺ

ڈاکٹر محمد میاں صدیقی/ اسلامک بک فاؤنڈیشن، لاہور/ ۲۰۸ص

زیر نظر کتاب میں ۲۹ خطبات رسول ﷺ کو ترجمے کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

☆ رسولِ اکرم ﷺ

اُمِ فاروق۔ ادارہ ترجمان القرآن، لاہور: ۲۴۰ص

مذکورہ کتاب میں حضور اکرم ﷺ کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی خصوصیات، تعلیمات، خصوصاً عہدِ نبوی میں خواتین کی تعلیم کے لئے کئے گئے اقدامات کو بیان کیا گیا ہے۔ کتاب خال خال دست یاب ہے۔

## ۱۹۸۹ء

☆ آں حضرت ﷺ اور خواتین اسلام

مسز تسلیم انور سُرحیہ۔ سُرحیہ محلّہ دادو (سندھ): ۱۵۹ص

اس کتاب میں حضور ﷺ کے خواتین کے ساتھ اچھے سلوک اور انہیں ایک باعزت مقام دینے کی جدوجہد کا تذکرہ ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۰ء

☆ نبی اکرم ﷺ بہ طور ماہر نفسیات

ڈاکٹر سیدہ سعیدہ غزنوی۔ الفیصل ناشران وتاجران کتب، لاہور

اس کتاب میں نبی کریم ﷺ کی بہ طور ماہر نفسیات امتیازی خصوصیت کو بیان کیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ سیرت النبی ﷺ اور ہماری زندگی

بیگم گوہر ممتاز قاضی۔ مطبع لنک بیورو، کراچی: ۴۱۸ص

کتاب میں اس بات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ ہماری انفرادی واجتماعی زندگی کس حد تک آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ سے میل کھاتی ہے نیز اس سلسلے میں کن کن عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۱ء

☆ نبی کریم ﷺ کی معاشی زندگی

ڈاکٹر نور محمد غفاری۔ دیال سنگھ لائبریری، لاہور۔ ۱۹۹۱ء/ ادارۃ الانور، نیوٹاؤن، کراچی (نظر ثانی واضافہ شدہ ایڈیشن): ۴۰۸ص

۱۹ ابواب پر مشتمل اس کتاب میں آپ ﷺ کے پیش کردہ معاشی واقتصادی پہلوؤں پر تفصیلاً بحث کی گئی ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ حیات محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینہ میں

ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفیؒ۔ دادا بھائی فاؤنڈیشن، کراچی/ دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی: ۳۱۹ص

پروفیسر کشفیؒ نے اس کتاب میں کتابِ الٰہی کو بہ طور ماخذِ سیرت استعمال کرتے ہوئے سیرت النبی پر روشنی ڈالی ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ سیرت احمد مجتبیٰ ﷺ (جلد دوم)

شاہ مصباح الدین شکیل۔ پی ایس او، کلفٹن، کراچی۔ ۳ جلدیں

اس کتاب میں مسجد قبا اور واقعہ افک تک کے حالات کا تذکرہ ہے۔ کتاب کا اسلوب سادہ اور عام فہم ہے۔ کتاب فی الوقت دست یاب ہے۔

☆ قوس قزح

شہناز کوثر۔ اختر کتاب گھر، نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور: ۱۹۲ص

اسلامی موضوعات پر دھنک رنگ مضامین پر مشتمل اس کتاب میں اکثر مضامین کا کسی نہ کسی حوالے سے سیرت النبی ﷺ سے تعلق ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۲ء

☆ حیات طیبہ میں پیر کے دن کی اہمیت

شہناز کوثر۔ اختر کتاب گھر نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور: ۶۲ص

اس کتاب میں حضور ﷺ کی حیات طیبہ سے ۱۳۵ ایسے واقعات کا انتخاب کیا گیا ہے جن کا تعلق کسی نہ کسی طور پر پیر کے دن سے رہا ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۳ء

☆ حضور ﷺ کا بچپن

شہناز کوثر۔ مقبول اکیڈمی، لاہور: ۳۵۲ص

اس کتاب میں ولادت نبوی سے لے کر بچپن کے دس سے پندرہ سال تک کے واقعات بیان کئے ہیں اور ساتھ ہی اس سلسلے میں سیرت نگاروں کی بے احتیاطیاں بھی ذکر کی گئی ہیں۔ کتاب دست یاب ہے۔

## ۱۹۹۴ء

☆ ضیاء النبی ﷺ

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ۔ ضیاء القرآن، لاہور۔ ۷ جلدیں، ج ۱، ۵۳۲ص۔ ج ۲، ۶۱۰ص۔ ج ۳، ۶۵۸ص۔ ج ۴، ۸۵۳ص۔ ج ۵، ۹۹۶ص۔ ج ۶، ۶۴۲ص۔ ج ۷، ۶۱۷ص

سات جلدوں پر مشتمل اس کتاب میں سیرت النبی کے ہر موضوع کا بالاستیعاب احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ رسول مبین ﷺ

محمد احسان الحق سلیمانیؒ۔ مقبول اکیڈمی، لاہور: ۶۷۹ ص

اس کتاب میں مصنف نے مستشرقین کے اعتراضات کا نہ صرف شافی وکافی جواب دیا ہے بلکہ ان کے تعصبات کا رد بھی انہی کی کتابوں کے حوالے سے پیش کیا گیا ہے۔ کتاب دست یاب نہیں

☆ حضور ﷺ کی معاشی زندگی

شہناز کوثر۔ اختر کتاب گھر نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور: ۲۶۲ ص

زیر نظر کتاب میں ان تمام نظریات و روایات کا تنقیدی اور تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے جو نبی کریم ﷺ کے ذریعۂ معاش سے بحث کرتی ہیں، اس سلسلے میں مصنفہ نے اپنی تحقیق کو پیش کیا ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۵ء

☆ سیرت و سفارت رسول ﷺ

مولانا مجاہد الحسینی۔ سیرت مرکز، پیپلز کالونی، ۶۵ بی، فیصل آباد: ۳۸۴ ص

یہ کتاب نبی رحمت ﷺ کے سوانحی کوائف کے علاوہ دعوت اسلام میں آپ ﷺ کے مساعی جمیلہ، مکاتیبِ نبوی اور جہاد فی سبیل اللہ جیسے موضوعات پر مشتمل ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۶ء

☆ غریبوں کے والی

حافظ محمد سعد اللہ۔ دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، لاہور: ۴۴۰ ص

کتاب میں غرباء و مساکین پر نبی کریم ﷺ کی شفقت و محبت کے وقائع کو قلم بند کیا ہے۔ تمام واقعات کتبِ سیرت و تاریخ سے لئے گئے ہیں۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ ہجرت حبشہ

شہناز کوثر۔ اختر کتاب گھر نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور: ۱۱۲ ص

اس کتاب میں مصنفہ نے ہجرت اور اس کے متعلقات پر بحث کی ہے اور کوشش کی ہے کہ موضوع کا مکمل طور پر احاطہ کیا جا سکے۔ یہ کتاب نایاب ہے۔

## ۱۹۹۷ء

☆ رسول اللہ ﷺ کا سفارتی نظام

ڈاکٹر حافظ محمد یونسؒ۔ دار الفرقان، ۲۲۵ ڈی سٹیلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی: ۴۸۷ص

اس کتاب میں نبی کریم ﷺ کے نظام سفارت کاری اور اس کے مقاصد کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب نایاب ہے۔ (نوٹ: مذکورہ کتاب دراصل ڈاکٹر صاحب کے پی ایچ ڈی مقالے (جامعہ پنجاب) کا پہلا حصہ ہے۔)

☆ پیغمبر رحمت اور نونہالان اسلام

مولانا اکرام اللہ جان قاسمی۔ دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی: ۱۷۵ص

یہ کتاب بنیادی طور پر بچوں کے سرپرست حضرات کے لیے لکھی گئی ہے تاکہ وہ بچوں کی تربیت کے تمام پہلوؤں سے متعلق سیرت طیبہ سے راہنمائی حاصل کرسکیں۔ کتاب عام دستیاب ہے۔

☆ سیرت و خطبات سرورِ کائنات ﷺ

ڈاکٹر محمد دین۔ تاج کتب خانہ، پشاور: ۳۸۲ص

یہ کتاب میں خاتم الانبیاء ﷺ کی سیرت مبارکہ کے تاریخی واقعات، آپ ﷺ کے خطبات، ارشادات اور ہدایات اور آپ ﷺ کے اقوال زریں پر مشتمل ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

## ۱۹۹۸ء

☆ سید الوریٰ ﷺ

قاضی عبد الدائم دائم۔ برائٹ بکس، لاہور: ۲ جلدیں

نظر ثانی و اضافے کے بعد اب یہ کتاب ۳ جلدوں میں عام دست یاب ہے۔

## ۱۹۹۹ء

☆ حضور ﷺ کی مکی زندگی کے مسلمان

شہناز کوثر۔ اختر کتاب گھر نیو شالا مار کالونی، ملتان روڈ، لاہور: ۱۱۲ص

اس کتاب میں مختصراً ان مسلمانوں کی زندگی اور حالات کا ذکر ہے جن کا تعلق حضور ﷺ کی مکی زندگی سے تھا، ان میں قبل از ہجرت اسلام قبول کرنے والے تمام لوگ شامل ہیں۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۲۰۰۰ء

☆ محسن انسانیت ﷺ اور انسانی حقوق

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی۔ دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی: ۵۰۴ص

اس کتاب میں خطبہ حجۃ الوداع کا اقوام متحدہ کے عالمی انسانی حقوق کے چارٹر سے مفصل تقابل پیش کیا گیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا

حافظ محمد سعد اللہ۔ اقبال پبلشنگ کمپنی، لاہور: ۳۸۳ص

اس کتاب کا موضوع نبی پاک ﷺ کی سارے انسانوں کے ساتھ دینی، دنیاوی اور اخروی ہم دردی، خیرخواہی اور شفقت ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ بین الاقوامی تعلقات سیرت النبی ﷺ کے تناظر میں

مسرت شوکت چیمہ۔ صادق پبلی کیشنز، لاہور

کتاب کے عنوان سے اس میں موجود مواد کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ کتاب نایاب ہے۔

## ۲۰۰۱ء

☆ رسول اکرم ﷺ کا اسلوب انقلاب

تسنیم کوثر۔ صادق پبلشرز، لاہور

یہ کتاب دست یاب نہیں ہو سکی۔

## ۲۰۰۲ء

☆ سیرت سرور کونین

زبیدہ قریشی......

یہ کتاب دست یاب نہیں ہو سکی۔

## ۲۰۰۳ء

☆ اسلام کا عسکری نظام سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

تسنیم کوثر۔ صادق پبلشرز، لاہور: ۱۹۲ص

مصنفہ نے اس کتاب میں کوشش کی ہے آں حضور ﷺ کی جہادی کاوشوں کو ان کے صحیح تناظر میں پیش کیا جائے اور مستشرقین کے اعتراضات کا نقلی و عقلی جواب دیا جائے۔ کتاب نایاب ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ کی خارجہ پالیسی اور حکمت عملی

مسز شوکت چیمہ......

یہ کتاب دست یاب نہیں ہوسکی۔

☆ نبی کریم ﷺ کی عائلی زندگی

حافظ سعد اللہ۔ برائٹ بکس، لاہور: ۴۵۲ص

یہ کتاب رسول اکرم ﷺ کی عائلی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا جامعیت سے احاطہ کرتی ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی۔ دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی: ۲۳۰ص

کتاب میں ازواج مطہرات کے مختصر حالات زندگی، ان کے علمی مقام و مرتبہ کے بیان کے ساتھ کثرتِ ازواج پر غیر مسلموں کے اعتراضات کے جوابات بھی دیئے گئے ہیں۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ رسول اللہ ﷺ بحیثیت معلم و ماہر تعلیم

پروفیسر رب نواز۔ ۳۰، بہاول شیر روڈ، مزنگ، لاہور: ۱۴۴ص

یہ کتاب حضور ﷺ کی بہ حیثیت معلم سیرت پر روشنی ڈالتی ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

☆ استحکام مملکت اور بدامنی (تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں)

ڈاکٹر محمد اختر......

یہ کتاب دست یاب نہیں ہوسکی۔

## سن ۲۰۰۴ء

☆ ہمارے حضور ﷺ

اہلیہ ڈاکٹر سہراب۔ دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی: ۵۲۴ص

اس کتاب میں مصنفہ نے نبی کریم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کو طلبہ اور بچوں کے لئے ایک منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ حضرت محمد ﷺ کی مدنی زندگی

مسز زینت ہارون……

یہ کتاب دست یاب نہیں ہوسکی۔

☆ فرہنگ سیرت

سید فضل الرحمٰن۔ زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، ناظم آباد، کراچی: ۳۲۶ص

اپنے موضوع پر اہم ترین کاوش، اس کتاب میں سیرت کے موضوع پر لکھی ہوئی اردو کتب میں شامل مشکل الفاظ کو جمع کیا گیا ہے۔ مکہ و مدینہ کے اہم مقامات، شخصیات وقبائل کے علاوہ سرزمین عرب کے پہاڑوں اور دریاؤں کا بھی تذکرہ ہے۔ وقائع سیرت سے متعلق ۳۰ نقشہ جات بھی شامل کتاب ہیں۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ نذیر مبین

سید مشاہد حسین……

کتاب دست یاب نہ ہوسکی۔

☆ سماجی بہبود (تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں)

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس۔ مکتبہ جمال کرم، لاہور: ۲۰۰ص

کتاب میں قرآن کریم اور نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ سے معاشرتی فلاح و بہبود کے پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

☆ آیات ظہور

محمد جمال خان گورمانی۔ الحمد پبلی کیشنز، لاہور: ۲۶۳ص

اس کتاب میں سرزمین عرب اور قوم کے تاریخی پس منظر، قبل از اسلام کے مذاہب اور اہل عرب کے مذاہب اور رسول اللہ ﷺ کے اسوہ مبارکہ کو بیان کیا گیا ہے۔ کتاب دست یاب ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ کا دسترخوان

پروفیسر شیریں زادہ خدوخیل۔ الفیصل ناشران وتاجران کتب، لاہور: ۹۶ص

اس کتاب میں نبی کریم ﷺ کی پسندیدہ غذاؤں کا تذکرہ ہے۔ کتاب عام دست یاب ہے۔

## سن ۲۰۰۶ء

☆ خطبہ حجۃ الوداع